**12.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے 16ویں روزگار میلے میں مختلف سرکاری محکموں کیلئے 51ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کیے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کی تعمیر میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔

☆ طیاروں کے حادثے کی تحقیقات کے بیورو کی ابتدائی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ دونوں انجنوں کو ایندھن کی سپلائی بند ہوگئی تھی، جس کی وجہ سے پچھلے مہینے احمد آباد طیارہ حادثہ پیش آیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے یونیسکو کی عالمی ورثے کی فہرست میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے 12 تاریخی قلعوں کو شامل کرنے کی ستائش کی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوروپی یونین اور میکسیکو پر 30فیصد محصولات عائد کر دیئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں... بھارت اور انگلینڈ کے درمیان اینڈرسن–تندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کا کھیل جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

***PM Rozgar Mela***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اِس بات پر زور دیا کہ روزگار میلے سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور وکست بھارت میں اُنھیں اہمیت دینے کے حکومت کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔ آج انھوں نے کہا کہ دنیا اِس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ بھارت کے پاس دو مضبوط قوتیں ہیں، ایک آبادی اور دوسری جمہوریت۔ وزیر اعظم آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں میں نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں کو51ہزار سے زیادہ تقررنامے تقسیم کرنے کے بعد سولہویں روزگار میلے سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 2100 PM Modi on 5100 Youth

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ ملک میں اسٹارٹ اپس، اختراع اور تحقیق کے بڑھتے ایکونظام سے ملک کے نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

S/B 2100 PM Modi on Youth Power

وزیر اعظم نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ یہ نوجوان اب ملک کی تعمیر میں ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں اور وکست بھارت کیلئے کلیدی تعاون کر رہے ہیں۔نجی شعبے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر حکومت کی توجہ کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت نے حالیہ دنوں میں روزگار سے منسلک ترغیباتی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ آج ملک بھر کے 47مقامات پر روزگار میلے کا انعقاد کیا گیا تھا۔ نئے بھرتی کئے گئے افراد مرکزی حکومت کی مختلف وزراتوں اور محکموں میں کام کریں گے جن میں ریلوے، داخلی امور، عملے اور عوامی شکایات اور پنشن، محنت اور روزگار کی وزارتیں اور محصول، ڈاک اور اعلیٰ تعلیم کے محکمے شامل ہیں۔ ملک بھر میں روزگار میلوں کے ذریعے اب تک دس لاکھ سے زیادہ تقررنامے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔x

## Air India Carsh Report

طیارہ حادثے کے تحقیقاتی بیورو AAIB نے ایئر انڈیا کے اُس طیارہ حادثے کی تحقیقات کی، 15صفحات پر مشتمل ابتدائی رپورٹ کل رات جاری کردی، جس میں پچھلے مہینے کی 12 تاریخ کو احمد آباد میں 260افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ رپورٹ میں واقعات کے سلسلے اور انجن کے کام کرنے کے طریقے کا جائزہ لیا گیا اور یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ طیارے کے انجنوں میں ایندھن پہنچنا بند ہوگیا تھا۔

AAIB نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ جیسے ہی طیارے نے پرواز شروع کی، ایک سیکنڈ میں ہی، طیارے کے ایندھن کو کنٹرول کرنے والے دونوں انجن RUN کی پوزیشن سے کٹ آف پوزیشن میں آگئے اور پھر بند ہوگئے، جس کی وجہ سے یہ المناک حادثہ پیش آیا۔

ابتدائی رپورٹ کے مطابق Cockpit وائس ریکارڈر پر ایک پائلٹ دوسرے سے یہ کہتا ہوا سنائی دے رہا ہے کہ انھوں نے انجنوں کو ایندھن کی سپلائی کیوں بند کردی جس کے جواب میں دوسرے پائلٹ نے کہا کہ انھوں نے نہیں کی۔

رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ Bowsers اورٹینکس سے ایندھن کے نمونے لئے گئے، جن کی شہری ہوا بازی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل کی لیباریٹری میں جانچ کی گئی، جو اطمینان بخش پائی گئی۔

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ یہ ابتدائی چھان بین پر مبنی ہے۔ انھوں نے عوام پر زور دیا کہ جب تک حتمی رپورٹ نہ آجائے کوئی نتیجہ اخذ نہ کریں۔

S/B 1400 Ram Naidu Plane Crash Report

## PM Unesco Heritage

وزیر اعظم نریندر مودی نے یونیسکو کے باوقار عالمی ورثے کی فہرست میں مراٹھا فوجی قلعوں کی شمولیت کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ ہر بھارتی شہری کیلئے خوشی کا باعث ہے۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھا سلطنت کے اِن ورثوں میں 12 قلعے شامل ہیں، جن میں سے 11مہاراشٹر میں اور ایک تمل ناڈو میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھا سلطنت اچھی حکمرانی فوجی طاقت اور ثقافتی وقار اور سماجی بہبود کا مظہر تھی۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ عظیم حکمرانوں نے کسی بھی ناانصافی کے خلاف سینا سپر رہنے کی اہلِ وطن کو تحریک دی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے شہریوں پر اِن قلعوں کو دیکھنے جانے اور مراٹھا سلطنت کی مالامال تاریخ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے پر زور دیا۔

ثقافت کے محکمے کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت اور مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے بھی اِس تاریخی سنگ میل کی ستائش کی ہے اور اس حصولیابی کیلئے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Suparna

یونیسکو عالمی ورثے کی فہرست میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا جب اس کی ہیریٹیج کمیٹی نے پیرس میں 47ویں اجلاس میں بھارت کی جانب سے باضابطہ طور پر پیش کئے گئے مراٹھا فوجی قلعے کی نامزدگی پر مہر لگائی۔ اس کے ساتھ مراٹھا سلطنت کے فوجی قلعوں کو 44 بھارتی ورثوں کی فہرست میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہوگیا ہے۔ کمیٹی کی میٹنگ میں 20میں سے 18 ممبر ممالک نے بھارت کے حق میں ووٹ دیا۔ 17ویں سے 19ویں صدی پر محیط یہ قلعے مراٹھا سلطنت کے غیر معمولی 12 قلعوں کی اسٹریٹیجک اہمیت اور فن تعمیر کی مثال پیش کرتے ہیں۔

بھارت عالمی وراثتی مقامات کی سب سے زیادہ تعداد کے معاملے میں عالمی سطح پر چھٹی اور ایشیا بحرالکاہل خطے میں دوسری پوزیشن پر ہے۔

اردو خبروں کیلئے سپرنا سائیکیہ کے ساتھ میں اصغر علی

## *Amit Shah Kerala Visit*

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا وکست بھارت کا نظریہ، جنوبی ریاستوں کی ترقی کے ذریعے ہی حقیقت بن سکے گا۔ وکست Keralam، وکست بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے۔ جناب شاہ نے یہ بات، آج ترونتت پورم میں Putharikandam میدان میں BJP کی وارڈ سطح کی قیادت کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بدعنوانی سے پاک حکمرانی، سرکاری اسکیموں تک مساوی رسائی اور سیاسی مفادات سے بالاتر ترقی، وزیر اعظم نریندر مودی کے تین بنیادی نظریے ہیں، جو کیرالہ کی ترقی کیلئے بھی بنیادی ہیں۔

1700- Amit Shah- Three rules Final

## *Rev. Chhattisgarh Maoits Surrender*

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں آج 9خواتین سمیت 23ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خود سپردگی کی۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈینٹ آف پولیس کرن چوہان نے کہا کہ اِن ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر ایک کروڑ 18لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔

S/B: Kiran Chawan- 31 Secs

**Rajnath Lucknow**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آپریشن سندور میں خواتین فوجیوں اور پائیلٹوں کے اہم رول کی آج ستائش کی ہے۔ لکھنؤ میں چوک میں بڑی کالی جی مندر کمپلیکس کے نئے بلاک کا افتتاح کرنے کے بعد وزیر موصوف نے کہا کہ آپریشن میں خواتین کی شمولیت سے بھارتی افواج، پاکستان میں دہشت گردوں کے 9 کیمپوں کو تباہ کر پائیں۔ x

**Pratap Rao Gujarat**

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کہا ہے کہ آیوروید کو آج پوری دنیا اپنا رہی ہے۔ جناب جادھو نے یہ بات، گجرات کے جام نگر میں انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچنگ اینڈ ریسرچ اِن آیوروید ITRA کے پہلے جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوری دنیا میں ہمارے قدیم طبی نظام کے فروغ میں ITRA کا اہم کردار ہے۔

2100- Pratap Rao Jadhav

اِس تقریب میں MD/MS کے 143 طلباء، ایم۔ فارما آیوروید کے 35، ڈپلوما آیوروید فارمیسی کے 33 اور ڈپلوما نیچرو پیتھی کے 18 طلباء سمیت کُل 234 طلباء کو ڈگریاں تفویض کی گئیں۔ x

**EU Tariff US**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے آج میکسیکو اور یوروپی یونین کی درآمدات پر 30 فیصد محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا، جس کا اطلاق آئندہ یکم اگست سے ہوگا۔ نئے ٹیکسوں کا اعلان، Truth Social پر پوسٹ کیے گئے الگ الگ خطوط میں کیا گیا۔ یوروپی یونین کے نام اپنے خط میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ کا تجارتی خسارہ، قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہے۔ نئے محصولات سے متعلق یہ اعلان، اہم تجارتی اتحادیوں کے ساتھ کئی ہفتوں تک جاری رہنے والی بات چیت کے بعد سامنے آیا ہے۔ بات چیت کے دوران وہ ایک جامع تجارتی معاہدہ کرنے میں ناکام رہے۔ امریکہ کے سب سے بڑے تجارتی شراکت دار، 27 رکنی یوروپی یونین نے اِس ہفتے کے شروع میں کہا تھا کہ وہ یکم اگست سے پہلے واشنگٹن کے ساتھ کسی معاہدے تک پہنچنے کی امید کرتا ہے۔ اِس ہفتے کے شروع میں ٹرمپ نے جاپان، جنوبی کوریا، کینیڈا اور برازیل سمیت کئی ملکوں پر نئے محصولات کا اعلان کیا تھا۔ انھوں نے اِن ملکوں کے تانبے پر 50 فیصد کا محصول عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ x

**Gaza Strike**

گزشتہ روز اسرائیلی حملے میں غزہ میں 28 افراد ہلاک ہوگئے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق وسطی غزہ کے دیر البلاح علاقے میں اسرائیلی حملے میں 13 افراد ہلاک ہوگئے جن میں چار بچے اور دو خواتین شامل ہیں۔ دیگر چار افراد ایک پیٹرول پمپ پر حملے میں ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر 15 افراد جنوبی غزہ کے خان یونس علاقے میں ہلاک ہوگئے۔ اسرائیل فوج کے مطابق گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران 250 مقامات کو نشانہ بنایا گیا جن میں ملی ٹنٹ، اسلحہ خانے، سرنگیں اور حماس کی دیگر تنصیبات شامل ہیں۔x

### Rev. Russia Ukraine Attack

یوکرین پر روس کے ڈرونز اور میزائلوں سے لگاتار کیے گئے حملے میں کم از کم 6افراد ہلاک ہوگئے جبکہ 20 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ روس نے آج یوکرین پر بڑے پیمانے پر فضائی حملے کیے۔ اس مہینے کے اس چوتھے بڑے حملے میں 600ڈرونز اور 26میزائلوں کا استعمال کیا گیا۔ ملک بھر کے کئی شہروں کو نشانہ بنایا گیا، جن میں Lviv، Lutsk اور Chernivtsi سمیت مغربی خطے زیادہ متاثر ہوئے۔ رومانیہ کی سرحد کے قریب Chernivtsi میں کم از کم دو افراد ہلاک اور 20دیگر زخمی ہوگئے۔یوکرین کے صدر ولودمیر زیلنسکی نے شہری بنیادی ڈھانچے کے بڑے پیمانے پر نقصان کا ذکر کرتے ہوئے اس حملے کی مذمت کی ہے۔

یوکرین کی فضائیہ نے 25میزائلوں اور 319شاہد ڈرونز کو مار گرایا، جبکہ مزید 258ڈرونز کو الیکٹرانک جنگی آلات کے ذریعے ناکام کر دیا۔ روسی وزارت دفاع نے کہا کہ 155یوکرینی ڈرونز کو کل مار گرایا گیا تھا، جس میں سے 11ڈرونز کا نشانہ ماسکو تھا۔ یوکرین میں امریکہ کی فوجی رسد کی بحالی کے درمیان روس کی جانب سے یوکرینی خطے میں حملے تیز ہوگئے ہیں۔ x

### IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ دو روز کے دوران مدھیہ پردیش اور مشرقی راجستھان میں شدید سے بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ آئندہ تین سے چار روز کے دوران ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور راجستھان کے حصوں میں شدید بارش جاری رہے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگلے دو دنوں کے دوران ملک کے مشرقی حصوں مغربی بنگال، سکم، بہار، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں بھی اسی طرح کی صورتحال رہے گی۔x

### Cricket Test

ٹیسٹ کرکٹ میں لارڈس میں اینڈرسن–تیندولکر ٹرافی سیریز کے تحت تیسرا ٹیسٹ میچ کھیلا جارہا ہے۔ آج میچ کا تیسرا دن ہے اور بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں انگلینڈ کے پہلی اننگز کے 387رن کے جواب میں اب سے کچھ دیر پہلے تک 6وکٹ پر 352رن بنالئے تھے۔ آج بھارت نے کل کے تین وکٹ پر 145رن کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز اس وقت ایک–ایک سے برابر ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆